القرآن الكريم

أعوذ بالله من الشيطان الرجيم

**میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان کے شر سے**

حم تَنْزِيلُ الْكِتَابِ - ٢٦ | أٰيَاتُهَا - ٢٣٢ , رُكُوْ عَاتُهَا - ٢٢ | المنزل-٦

أٰيَاتُهَا-٣٧ | سُوْرَةُ الجَاثِيَة(مكي) | رُكُو عَاتُهَا-٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

المنزل-٦ حٰمٓ ﴿1﴾

المنزل-٦ حٰمٓ ﴿1﴾

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾

یہ کتاب اللہ زبردست حکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے ﴿2﴾

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿3﴾

بے شک آسمانوں اور زمین میں ایمانداروں کے لیے نشانیاں ہیں ﴿3﴾

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿4﴾

اور (نیز) تمہارے پیدا کرنے میں اور جانوروں کے پھیلانے میں ﴿4﴾
یقین والوں کے لیے نشانیاں ہیں

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ
بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿5﴾

اور (نیز) رات اور دن کے بدل کر آنے میں اور اس میں جو اللہ نے ﴿5﴾
آسمان سے رزق (پانی) نازل کیا پھر اس کے ذریعے سے زمین کو

اس کے مر جانے کے بعد زندہ کیا اور ہواؤں کے بدل کر لانے میں
عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں

تِلۡكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا عَلَيۡكَ بِالۡحَقِّ‌ۚ فَبِاَىِّ حَدِيۡثٍۢ بَعۡدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤۡمِنُوۡنَ ⑥
یہ اللہ کی آیات ہیں جو ہم آپ کو بالکل سچی پڑھ کر سناتے ہیں پس ⑥
اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے

وَيۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍۙ ⑦
ہر سخت جھوٹے گناہگار کے لیے تباہی ہے ⑦

يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا‌ ۚ فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ اَ
لِيۡمٍ ⑧
جو آیات الہیٰ سنتا ہے جو اس پر پڑھی جاتی ہیں پھر نا حق تکبر کی ⑧
وجہ سے اصرار کرتا ہے گویاکہ اس نے سنا ہی نہیں پس اسے دردناک
عذاب کی خوشخبری دے دو

وَاِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا شَيۡـئَاْ ۨاتَّخَذَهَا هُزُوًا‌ ؕ اُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ؕ ⑨
اورجب ہماری آیتوں میں سے کسی کو سن لیتاہے تو اس کی ہنسی ⑨
اڑاتا ہے ایسوں کے لیے ذلت کا عذاب ہے

مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُ‌ ۚ وَلَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُمۡ مَّا كَسَبُوۡا شَيۡـئًـا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ
اللّٰهِ اَوۡلِيَآءَ‌ ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ؕ ⑩
ان کے سامنے جہنم ہے اور جو کچھ انہوں نے کمایا تھا ان کے کچھ ⑩
بھی کام نہ آئے گا اور نہ وہ معبود کام آئیں گے جنہیں اللہ کے سوا

حمایتی بنا رکھا تھا اور ان کے لیے بڑاعذاب ہے

هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿11﴾ ع

یہ (قرآن) تو ہدایت ہے اور جو اپنے رب کی آیتوں کے منکر ہیں ان ﴿11﴾
کے لیے سخت دردناک عذاب ہے ا ع

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَـكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ
وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۚ ﴿12﴾

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے سمندر کو تابع کر دیا تاکہ ا س میں ﴿12﴾
اس کے حکم سے جہاز چلیں اورتاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ
تم اس کا شکر کرو

وَسَخَّرَ لَـكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿13﴾

اور اس نے آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کو اپنے فضل سے ﴿13﴾
تمہارے کام پر لگا دیا ہے بے شک اس میں فکر کرنے والوں کے لیے
نشانیاں ہیں

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا
يَكْسِبُوْنَ ﴿14﴾

ان سے کہہ دو جو ایمان لائے کہ انہیں معاف کر دیں ایام الہیٰ ﴿14﴾
(عذاب) کی امید نہیں رکھتے تاکہ وہ ایک قوم کو بدلہ دے اس کا جو وہ
کرتے رہے

مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ۫ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ⑮
جو کوئی نیک کام کرتا ہے وہ اپنے ہی لیے کرتا ہے اورجو کوئی ⑮
برائی کرتا ہے تو اپنے سر پر وبال لیتا ہے پھر تم اپنے رب کی طرف
لوٹائے جاؤ گے

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ
وَفَضَّلۡنٰهُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ۚ ⑯
اور بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اورحکومت اور نبوت دی ⑯
تھی اور ہم نے پاکیزہ چیزوں سے روزی دی اور ہم نے انہیں جہان
والوں پر بزرگی دی

وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ ۚ فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ۙ بَغۡيًۢا
بَيۡنَهُمۡ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ⑰
اور انہیں دین کے کھلے کھلے احکام بھی دیے پھر انہوں نے اختلاف ⑰
کیا تو علم آنے کے بعد صرف آپس کی ضد سے بے شک آپ کا رب
قیامت کے دن ان میں فیصلہ کرے گا جس چیز میں وہ باہم اختلاف کیا
کرتے تھے

ثُمَّ جَعَلۡنٰكَ عَلٰى شَرِيۡعَةٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ فَاتَّبِعۡهَا وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ⑱
پھر ہم نے آپ کو دین کے ایک طریقہ پر مقرر کر دیا پس آپ اسی ⑱
کی پیروی کیجیئے اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کیجیئے جو علم
نہیں رکھتے

اِنَّهُمۡ لَنۡ يُّغۡنُوۡا عَنۡكَ مِنَ اللّٰهِ شَيۡـًٔا ‌ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِيۡنَ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ‌ ۚ وَاللّٰهُ
وَلِىُّ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿19﴾

کیوں کہ وہ اللہ کے سامنے آپ کے کچھ بھی کام نہ آئیں گے اور بے ﴿19﴾
شک ظالم ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ ہی پرہیز گاروں کا
دوست ہے

هٰذَا بَصَآٮِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحۡمَةٌ لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ﴿20﴾

یہ قرآن لوگوں کے لیے بصیرت اورہدایت ہے اور یقین کرنے والو ں ﴿20﴾
کے لیے رحمت ہے

اَمۡ حَسِبَ الَّذِيۡنَ اجۡتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنۡ نَّجۡعَلَهُمۡ كَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحۡيَاهُمۡ وَمَمَاتُهُمۡ‌ ؕ سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ ﴿21﴾ ع

کیا گناہ کرنے والوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم ان کو ایمانداروں نیک ﴿21﴾
کام کرنے والوں کے برابر کر دیں گے ان کا جینا اور مرنا برابر ہے وہ
بہت ہی برا فیصلہ کرتے ہیں ع۲

وَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ وَلِتُجۡزٰى كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا
يُظۡلَمُوۡنَ ﴿22﴾

اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو جسے چاہئیں بنایا ہے اور تاکہ ہر ﴿22﴾
نفس کو اس کا بدلہ دیا جائے جو اس نے کمایا ہے اور ان پر کوئی ظلم
نہ ہوگا

اَفَرَءَيۡتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰٮهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلۡمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمۡعِهٖ وَقَلۡبِهٖ
وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنۡ يَّهۡدِيۡهِ مِنۡۢ بَعۡدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿23﴾

بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن گیا اور اللہ ﴿23﴾
نے باوجود سمجھ کے اسے گمراہ کر دیا اور اس کے کان اور دل پر
مہر کر دی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا پھر اللہ کے بعد اسے
کون ہدایت کر سکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے

وَقَالُوۡا مَا هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا وَمَا يُهۡلِكُنَاۤ اِلَّا الدَّهۡرُ ۚ وَمَا لَهُمۡ
بِذٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍ ۚ اِنۡ هُمۡ اِلَّا يَظُنُّوۡنَ ﴿24﴾

اور کہتے ہیں ہمارا یہی دنیا کا جینا ہے ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں ﴿24﴾
اور زمانہ ہی ہمیں ہلاک کرتا ہے حالانکہ انہیں اس کی کچھ بھی حقیقت
معلوم نہیں محض اٹکلیں دوڑاتے ہیں

وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوا ائۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ
صٰدِقِيۡنَ ﴿25﴾

اور جب انہیں ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو سوائے ﴿25﴾
اس کے ان کی اور کوئی دلیل نہیں ہوتی کہتے ہیں ہمارے باپ دادا کو
لے آؤ اگر تم سچے ہو

قُلِ اللّٰهُ يُحۡيِيۡكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ يَجۡمَعُكُمۡ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ وَلٰـكِنَّ
اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿26﴾ ع

کہہ دو اللہ ہی تمہیں زندہ کرتا ہے پھر تمہیں مارتا ہے پھر وہی تم ㉖
سب کو قیامت میں جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں لیکن اکثر
آدمی نہیں جانتے ع۳

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ㉗
اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے اور جس دن قیامت ㉗
قائم ہو گی اس دن جھٹلانے والے نقصان اٹھائیں گے

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ㉘
اور آپ ہر ایک جماعت کو گھٹنے ٹیکے ہوئے دیکھیں گے ہر ایک ㉘
جماعت اپنے نامۂ اعمال کی طرف بلائی جائے گی (کہا جائے گا) آج
تمہیں تمہارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ㉙
یہ ہمارا دفتر تم پر سچ سچ بول رہا ہے کیونکہ جو کچھ تم کیا کرتے ㉙
تھے اسے ہم لکھ لیا کرتے تھے

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ
الْمُبِيْنُ ㉚
پس جو لوگ ایمان لائے اورانہوں نے نیک کام کیے انہیں ان کا ㉚
پروردگار اپنی رحمت میں داخل کرے گا یہ صریح کامیابی ہے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا
مُّجْرِمِيْنَ ﴿31﴾

اور جنہوں نے کفر کیا (انہیں کہا جائے گا) کیا تمہیں ہماری آیتیں ﴿31﴾
نہیں سنائی جاتی تھیں پھر تم نے غرور کیا اور تم نافرمان لوگ تھے

وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ
اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿32﴾

اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کوئی ﴿32﴾
شک نہیں تو تم کہتے تھے ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے ہم تو اس
کو محض خیالی بات جانتے ہیں اور ہمیں یقین نہیں

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿33﴾

اور ان پر ان کے اعمال کی برائی ظاہر ہو جائے گی اور ان پر وہ آفت ﴿33﴾
آ پڑے گی جس سے وہ ٹھٹھا کرتے تھے

وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ
مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿34﴾

اور کہا جائے گا آج ہم تمہیں فراموش کر دیں گے جیسا تم نے اپنے ﴿34﴾
اس دن کے ملنے کو فراموش کر دیا تھا اور تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے
اور تمہارا کوئی مددگار نہیں

ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا
يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿35﴾
یہ اس لیے کہ تم اللہ کی آیتوں کی ہنسی اڑایا کرتے تھے اور تمہیں ﴿35﴾
دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا تھا پس آج وہ اس سے نہ نکالے
جائیں گے اور نہ ان سے توبہ طلب کی جائے گی

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿36﴾
پس سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو آسمانوں کا رب اور زمین کا ﴿36﴾
رب سارے جہانوں کا رب ہے

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿37﴾ ع
اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی عزت ہے اور وہی زبردست ﴿37﴾
حکمت والا ہے ع

| آياتها-۳۵ | سُوْرَةُ الأحقاف(مكي) | رُكُوْ عاتُها-۴ |
|---|---|---|

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿1﴾
حمٓ ﴿1﴾

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾
یہ کتاب اللہ کی طرف سے اتاری گئی ہے جو غالب حکمت والا ہے ﴿2﴾

مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّىؕ وَالَّذِيْنَ
كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ③
ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو ان کے درمیان ہے کسی ③
مصلحت ہی سے اور ایک خاص وقت تک کے لیے پیدا کیا ہے
اورکافروں کو جس چیز سے ڈرایا جاتا ہے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ
شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ④
کہہ دو بھلا بتاؤ تو سہی جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے ④
دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کون سی چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں میں
ان کا کوئی حصہ ہے میرے پاس اس سے پہلے کی کوئی کتاب لاؤ یا
کوئی علم چلا آتا ہو وہ لاؤ اگر تم سچے ہو

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ
عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ⑤
اور اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہے جو اللہ کےسوا اسےپکارتا ہے ⑤
جو قیامت تک اس کے پکارنے کا جواب نہ دے سکے اور انہیں ان کے
پکارنے کی خبر بھی نہ ہو

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّ كَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ⑥

او ر جب لوگ جمع کئےجائیں گے تو وہ ان کے دشمن ہو جائیں گے ⑥
اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے

وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلۡحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمۡ ۙ هٰذَا سِحۡرٌ
مُّبِيۡنٌؕ ⑦

اور جب ان پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کافر حق کو ⑦
کہتے ہیں جب وہ ان کے پاس آچکا کہ یہ تو کھلم کھلاجادوہے

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ ؕ قُلۡ اِنِ افۡتَرَيۡتُهٗ فَلَا تَمۡلِكُوۡنَ لِىۡ مِنَ اللّٰهِ شَيۡـــًٔا ؕ هُوَ اَعۡلَمُ بِمَا
تُفِيۡضُوۡنَ فِيۡهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيۡدًاۢ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكُمۡ ؕ وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ⑧

کیا وہ کہتے ہیں آپ نے اسے خود بنا لیا ہے کہہ دو اگر میں نے اسے ⑧
خود بنا لیا ہے تو تم مجھے اللہ سے بچانے کی کچھ بھی طاقت نہیں
رکھتے وہی بہتر جانتا ہے جو باتیں تم اس میں بناتے ہو میرے اور
تمہارے درمیان وہی گواہ کافی ہے اور وہ بخشنے والا نہایت رحم والا
ہے

قُلۡ مَا كُنۡتُ بِدۡعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَاۤ اَدۡرِىۡ مَا يُفۡعَلُ بِىۡ وَلَا بِكُمۡ ؕ اِنۡ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا
يُوۡحٰۤى اِلَىَّ وَمَاۤ اَنَا اِلَّا نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ⑨

کہہ دو میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ⑨
ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ تمہارے ساتھ میں نہیں پیروی کرتا مگر اس
کی جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے سوائے اس کے نہیں کہ میں کھلم
کھلا ڈرانے والا ہوں

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑩ ؑ

⑩ کہہ دو بتاؤ تو سہی اگر یہ کتاب الله کی طرف سے ہو اور تم اس کے
منکر ہو اور بنی اسرائیل کا ایک گواہ ایک ایسی کتاب پر گواہی دے کر
ایمان بھی لے آیا اور تم اکڑے ہی رہے بے شک الله ظالموں کو ہدایت
نہیں کرتا ع۵

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ
فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ⑪

⑪ اور کافروں نے ایمانداروں سے کہا اگر یہ دین بہتر ہوتا تو یہ اس پر
ہم سے پہلے نہ دوڑ کر جاتے اورجب انہوں نے اس کے ذریعے سے
ہدایت نہیں پائی تو کہیں گے یہ تو پرانا جھوٹ ہے

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا
لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ ۗ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ⑫ ۚ

⑫ اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو رہنما اور رحمت تھی او
ریہ کتاب ہے جو اسے سچا کرتی ہے عربی زبان میں ظالموں کو
ڈرانے کے لیے اور نیکوں کو خوشخبری دینے کے لیے

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ⑬ ۚ

⑬ بے شک جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب الله ہے پھر اسی پر جمے رہے
پس ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے

أُولَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ الْجَنَّةِ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۖ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ⑭
یہی بہشتی ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے بدلےان کاموں کے جو وہ کیا ⑭
کرتے تھے

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَٰنَ بِوَٰلِدَيْهِ إِحْسَٰنًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُۥ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَحَمْلُهُۥ
وَفِصَٰلُهُۥ ثَلَٰثُونَ شَهْرًا ۚ حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُۥ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِىٓ أَنْ
أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِىٓ أَنْعَمْتَ عَلَىَّ وَعَلَىٰ وَٰلِدَىَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَٰلِحًا تَرْضَىٰهُ وَأَصْلِحْ
لِى فِى ذُرِّيَّتِىٓ ۖ إِنِّى تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّى مِنَ الْمُسْلِمِينَ ⑮
اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرنے کی تاکید کی ⑮
کہ اسے اس کی ماں نے تکلیف سے اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف سے
جنا اوراس کا حمل اور دودھ کا چھڑانا تیس مہینے ہیں یہاں تک کہ جب
وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور چالیس سال کی عمر کو پہنچا تو اس نے کہا
اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر ادا کروں
جو تو نے مجھ پر انعام کی اور میرے والدین پر اور میں نیک عمل
کروں جسے تو پسند کرے اور میرے لیے میری اولاد میں اصلاح کر
بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور بے شک میں فرمانبردار
میں ہوں

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَن سَيِّـَٔاتِهِمْ فِىٓ أَصْحَٰبِ
الْجَنَّةِ ۖ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِى كَانُوا يُوعَدُونَ ⑯
یہی وہ لوگ ہیں جن سے ہم وہ نیک عمل قبول کرتے ہیں جو انہوں ⑯
نے کیے اور بہشتیوں میں شامل کر کے ان کے گناہوں سے درگزر

کرتے ہیں یہ اس سچے وعدے کے مطابق ہے جو ان سے کیا گیا تھا

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ
وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ڰ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ښ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ⑰

اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تم پر تف ہے کیاتم مجھے یہ ⑰
وعدہ دیتے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے
بہت سی امتیں گزر گئیں اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کر رہے ہیں کہ
ارے تیرا ناس ہو ایمان لا بے شک اللہ کاوعدہ سچا ہے پھر وہ کہتا ہے
یہ ہے کیا مگر پہلوں کے افسانے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ
اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ⑱

یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول ⑱
پورا ہو کر رہا جو ان سے پہلے جن اور انسان ہوگزرے ہیں بے شک
وہی خسارہ اٹھانے والے ہیں

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ⑲

اور ہر ایک کے لیے اپنے اپنے اعمال کے مطابق درجے ہیں تاکہ اللہ ⑲
ان کے اعمال کا انہیں پورا عوض دے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا

وَيَوۡمَ يُعۡرَضُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا عَلَى النَّارِ ؕ اَذۡهَبۡتُمۡ طَيِّبٰتِكُمۡ فِىۡ حَيَاتِكُمُ الدُّنۡيَا
وَاسۡتَمۡتَعۡتُمۡ بِهَا ۚ فَالۡيَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ عَذَابَ الۡهُوۡنِ بِمَا كُنۡتُمۡ تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ
بِغَيۡرِ الۡحَقِّ وَبِمَا كُنۡتُمۡ تَفۡسُقُوۡنَ ﴿20﴾ ع
اور جس دن کافر آگ کے روبرو لائے جائیں گے ان سے (کہا جائے ﴿20﴾
گا) تم (اپنا حصہ) پاک چیزو ں میں سے اپنی دنیا کی زندگی میں لے
چکے اور تم ان سے فائدہ اٹھا چکے پس آج تمہیں ذلت کا عذاب دیا
جائے گا بدلے اس کے جو تم زمین میں ناحق اکڑا کرتے تھے اوربدلے
ع۲ اس کے جو تم نافرمانی کیاکرتے تھے
وَاذۡكُرۡ اَخَا عَادٍ ؕ اِذۡ اَنۡذَرَ قَوۡمَهٗ بِالۡاَحۡقَافِ وَقَدۡ خَلَتِ النُّذُرُ مِنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ
خَلۡفِهٖۤ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿21﴾
اور قوم عاد کے بھائی کا ذکر کر جب اس نے اپنی قوم کو (وادی) ﴿21﴾
احقاف میں ڈرایا اور اس سے پہلے اورپیچھے کئی ڈرانے والے گزرے
کہ سوائے الله کے کسی کی عبادت نہ کرو بے شک میں تم پر ایک
بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں
قَالُوۡۤا اَجِئۡتَنَا لِتَاۡفِكَنَا عَنۡ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاۡتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿22﴾
انہوں نے کہا کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ تو ہمیں ہمارے ﴿22﴾
معبودوں سے بہکا دے پس ہم پردہ (عذاب) لے آ جس کا تو ہم سے
وعدہ کرتا ہے اگر تو سچا ہے

قَالَ اِنَّمَا الۡعِلۡمُ عِنۡدَ اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمۡ مَّاۤ اُرۡسِلۡتُ بِهٖ وَلٰكِنِّىۡۤ اَرٰٮكُمۡ قَوۡمًا تَجۡهَلُوۡنَ

㉓

اس نے کہا اس کا علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تمہیں وہ (پیغام) ㉓
پہنچاتا ہوں جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں لیکن میں تمہیں دیکھ رہا ہوں
تم ایک جاہل قوم ہو

فَلَمَّا رَاَوۡهُ عَارِضًا مُّسۡتَقۡبِلَ اَوۡدِيَتِهِمۡ ۙ قَالُوۡا هٰذَا عَارِضٌ مُّمۡطِرُنَا ؕ بَلۡ هُوَ مَا
اسۡتَعۡجَلۡتُمۡ بِهٖ ؕ رِيۡحٌ فِيۡهَا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۙ ㉔

پھر جب انہوں نے اسے دیکھا کہ وہ ایک ابر ہے جو ان کے میدانوں ㉔
کی طرف بڑھا چلا آ رہا ہے کہنے لگے کہ یہ تو ابر ہے جو ہم پر
برسے گا (نہیں) بلکہ یہ وہی ہے جسے تم جلدی چاہتے تھے یعنی
آندھی جس میں دردناک عذاب ہے

تُدَمِّرُ كُلَّ شَىۡءٍۢ بِاَمۡرِ رَبِّهَا فَاَصۡبَحُوۡا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمۡ ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِى الۡقَوۡمَ
الۡمُجۡرِمِيۡنَ ㉕

وہ اپنے رب کے حکم سے ہر ایک چیز کو برباد کر دے گی پس وہ ㉕
صبح کو ایسے ہو گئے کہ سوائے ان کے گھروں کے کچھ نظر نہ آتا
تھا ہم اسی طرح مجرم لوگوں کو سزا دیا کرتے ہیں

وَلَقَدۡ مَكَّنّٰهُمۡ فِيۡمَاۤ اِنۡ مَّكَّنّٰكُمۡ فِيۡهِ وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ سَمۡعًا وَّاَبۡصَارًا وَّاَفۡـِٕدَةً ۖ فَمَاۤ
اَغۡنٰى عَنۡهُمۡ سَمۡعُهُمۡ وَلَاۤ اَبۡصَارُهُمۡ وَلَاۤ اَفۡـِٕدَتُهُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ اِذۡ كَانُوۡا يَجۡحَدُوۡنَ ۙ
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ع ㉖

اور ہم نے ان لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تمہیں ان ﴿26﴾
باتوں میں قدرت نہیں دی اور ہم نے انہیں کان اور آنکھیں اور دل دیئے
تھے پھر نہ تو ان کے کان ہی کام آئے اور نہ ان کی آنکھیں ہی کام آئیں
او رنہ ان کے دل ہی کچھ کام آئے کیوں کہ وہ اللہ کی آیتوں کو انکار ہی
کرتے رہے اور جس عذاب کا وہ ٹھٹھا اڑیا کرتے تھے ان پر آن پڑا

ع۷

وَلَقَدۡ اَهۡلَكۡنَا مَا حَوۡلَـكُمۡ مِّنَ الۡقُرٰى وَصَرَّفۡنَا الۡاٰيٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿27﴾
اور ہم ہلاک کر چکے ہیں جو تمہارے آس پاس بستیاں ہیں اور طرح ﴿27﴾
طرح کے اپنے نشان قدرت بھی دکھائے تاکہ وہ باز آجائیں

فَلَوۡلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ قُرۡبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلۡ ضَلُّوۡا عَنۡهُمۡ ۚ وَذٰ لِكَ
اِفۡكُهُمۡ وَمَا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿28﴾
پھر ان معبودوں نے کیوں نہ مدد کی جن کو انہوں نے اللہ کے سوا ﴿28﴾
مرتبہ حاصل کرنے کے لیے معبود بنا رکھا تھا بلکہ وہ تو ان سے کھو
ئےگئے تھے اور یہ ان کا جھوٹ تھا اور جو کچھ وہ ڈھکوسلے بنایا
کرتےتھے

وَاِذۡ صَرَفۡنَاۤ اِلَيۡكَ نَفَرًا مِّنَ الۡجِنِّ يَسۡتَمِعُوۡنَ الۡقُرۡاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوۡهُ قَالُوۡۤا اَنۡصِتُوۡا ۚ
فَلَمَّا قُضِىَ وَلَّوۡا اِلٰى قَوۡمِهِمۡ مُّنۡذِرِيۡنَ ﴿29﴾
اورجب ہم نے آپ کی طرف چند ایک جنوں کو پھیر دیا جو قرآن سن ﴿29﴾
رہے تھے پس جب وہ آپ کے پاس حاصر ہوئے تو کہنے لگے چپ

رہو پھر جب ختم ہوا تو اپنی قوم کی طرف واپس لوٹے ایسے حال میں
کہ وہ ڈرانے والے تھے

قَالُوۡا يٰقَوۡمَنَاۤ اِنَّا سَمِعۡنَا كِتٰبًا اُنۡزِلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ يَهۡدِىۡۤ
اِلَى الۡحَقِّ وَاِلٰى طَرِيۡقٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿30﴾
کہنے لگے اے ہماری قوم بیشک ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ ﴿30﴾
کے بعد نازل ہوئی ہے ان کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے
ہو چکیں حق کی طرف ا ور سیدھے راستہ کی طرف رہنمائی کرتی ہے

يٰقَوۡمَنَاۤ اَجِيۡبُوۡا دَاعِىَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوۡا بِهٖ يَغۡفِرۡ لَـكُمۡ مِّنۡ ذُنُوۡبِكُمۡ وَيُجِرۡكُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ
اَلِيۡمٍ ﴿31﴾
اے ہماری قوم اللہ کی طرف بلانے والے کو مان لو اور اس پر ایمان ﴿31﴾
لے آؤ وہ تمہارے لیے تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دردناک
عذاب سے بچا لے گا

وَمَنۡ لَّا يُجِبۡ دَاعِىَ اللّٰهِ فَلَيۡسَ بِمُعۡجِزٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَيۡسَ لَهٗ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءُ ؕ
اُولٰٓئِكَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿32﴾
اور جو اللہ کی طرف بلانے والے کو نہ مانے گا تو وہ زمین میں ﴿32﴾
اسے عاجز نہیں کر سکے گا اور اللہ کے سوا اس کا کوئی مددگار نہ
ہوگا یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں

اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ لَمۡ یَعۡیَ بِخَلۡقِہِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنۡ
یُّحۡیِۦَ الۡمَوۡتٰی ؕ بَلٰۤی اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿33﴾

کیا انہوں نے نہیں دیکھا جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے ﴿33﴾
میں نہیں تھکا اس پر قاد رہے کہ مردوں کو زندہ کردے کیوں نہیں وہ
تو ہر ایک چیز پر قادر ہے

وَ یَوۡمَ یُعۡرَضُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا عَلَی النَّارِ ؕ اَلَیۡسَ ہٰذَا بِالۡحَقِّ ؕ قَالُوۡا بَلٰی وَ رَبِّنَا ؕ قَالَ
فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ بِمَا کُنۡتُمۡ تَکۡفُرُوۡنَ ﴿34﴾

اور جس دن کافر آگ کے سامنے لائے جائیں گے (ان سے کہا جائے ﴿34﴾
گا) کیا یہ امر واقعی نہیں ہے کہیں گے ہمیں اپنے رب کی قسم ضرور
امر واقعی ہے ارشاد ہو گا تو اپنے کفر کے بدلہ میں اس کا عذاب چکھو

فَاصۡبِرۡ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ وَ لَا تَسۡتَعۡجِلۡ لَّہُمۡ ؕ کَاَنَّہُمۡ یَوۡمَ یَرَوۡنَ
مَا یُوۡعَدُوۡنَ ۙ لَمۡ یَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا سَاعَۃً مِّنۡ نَّہَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَہَلۡ یُہۡلَکُ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ع

﴿35﴾ ع ۸ اربع

پھر صبرکر جیسا کہ عالی ہمت رسولوں نے کیا ہے اور ان کے لیے ﴿35﴾
جلدی نہ کر گویا کہ وہ جس دن عذاب دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ
کیا جاتا ہے (تو انہیں ایسا معلوم ہو گا) کہ ایک دن میں سے ایک
گھڑی بھر رہے تھے آپ کا کام پہنچا دینا تھا سو کیا نافرمان لوگوں کے
سوا اور کوئی ہلاک ہوگا ع۸ اربع

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَضَلَّ اَعۡمَالَہُمۡ ①

وہ لوگ جو منکر ہوئے اورانہوں نے لوگوں کو بھی اللہ کے راستہ ①
سے روکا تو اللہ نے ان کے اعمال برباد کر دیئے

وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوۡا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّہُوَ الۡحَقُّ مِنۡ
رَّبِّہِمۡ ۙ کَفَّرَ عَنۡہُمۡ سَیِّاٰتِہِمۡ وَاَصۡلَحَ بَالَہُمۡ ②

اوروہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے اورجو کچھ محمد ②
پر نازل کیا گیا اسپر بھی ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام بھی کیے
اور جو کچھ محمد پر نازل کیا گیا اس پر بھی ایمان لائے حالانکہ وہ ان
کے رب کی طرف سے برحق بھی ہے تو اللہ ان کی برائیوں کو مٹا دے
گا اور ان کا حال درست کرے گا

ذٰلِکَ بِاَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوا اتَّبَعُوا الۡبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الۡحَقَّ مِنۡ رَّبِّہِمۡ ؕ
کَذٰلِکَ یَضۡرِبُ اللّٰہُ لِلنَّاسِ اَمۡثَالَہُمۡ ③

یہ اس لیے کہ جولوگ منکر ہیں انہوں نے جھوٹ کی پیروی کی اور ③
جو لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی
کی اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے ان کی مثالیں بیان کرتا ہے

فَاِذَا لَقِیۡتُمُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فَضَرۡبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَثۡخَنۡتُمُوۡہُمۡ فَشُدُّوا الۡوَثَاقَ ٭ۙ
فَاِمَّا مَنًّۢا بَعۡدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰی تَضَعَ الۡحَرۡبُ اَوۡزَارَہَا ۚ قف ۵ ذٰلِکَ ؕۛ وَلَوۡ یَشَآءُ اللّٰہُ

لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ ۚ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَاۡ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ
يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ④
پس جب تم ان کے مقابل ہو جو کافر ہیں تو ان کی گردنیں مارو یہاں ④
تک کہ جب تم ان کو خوب مغلوب کر لو تو ان کی مشکیں کس لو پھر یا
تو اس کے بعد احسان کرو یا تاوان لے لو یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار
ڈال دے یہی (حکم) ہے اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے خود ہی بدلہ لے لیتا
لیکن وہ تمہارا ایک دوسرے کے ساتھ امتحان کرنا چاہتا ہے اور جو اللہ
کی راہ میں مارے گئے ہیں اللہ ان کے اعمال برباد نہیں کرے گا

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۚ ⑤
جلدی انہیں راہ دکھائے گا اور ان کاحال درست کر دے گا ⑤

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ⑥
اور انہیں بہشت میں داخل کرے گا جس کی حقیقت انہیں بتا دی ہے ⑥

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ⑦
اے ایمان والو اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا اور ⑦
تمہارے قدم جمائے رکھے گا

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ⑧
اور جو منکر ہیں سو ان کے لیے تباہی ہے اور وہ ان کے اعمال ⑧
اکارت کر دے گا

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ⑨

یہ اس لیے کہ انہیں نے ناپسند کیا جو اللہ نے اتارا ہے سو اس نے ان ⑨
کے اعمال ضائع کر دیے

اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ‌ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ
عَلَيۡهِمۡ‌ۖ وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡثَالُهَا ⑩

کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی وہ دیکھتے ان کا انجام کیسا ہوا ⑩
جو ان سے پہلے تھے اللہ نے انہیں ہلاک کر دیا اور منکروں کے لیے
ایسی ہی (سزائیں) ہیں

ذٰ لِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوۡلَى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَاَنَّ الۡـكٰفِرِيۡنَ لَا مَوۡلٰى لَهُمۡ ⑪

یہ اس لیے کہ اللھان کا حامی ہے جو ایمان لائے اور کفار کا کوئی ⑪
بھی حامی نہیں

اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ‌ؕ
وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا يَتَمَتَّعُوۡنَ وَيَاۡكُلُوۡنَ كَمَا تَاۡكُلُ الۡاَنۡعَامُ وَالنَّارُ مَثۡوًى لَّهُمۡ ⑫

بے شک اللہ انہیں داخل کرے گا جو ایمان لائے اور نیک کام کیے ⑫
بہشتوں میں جن کے نبیچے نہریں بہتی ہو ں گی اور جو کافر ہیں وہ
عیش کر رہے ہیں اور اس طرح کھاتے ہیں جس طرح چار پائے کھاتے
ہیں اور دوزخ ان کا ٹھکانہ ہے

وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ هِىَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنۡ قَرۡيَتِكَ الَّتِىۡۤ اَخۡرَجَتۡكَ‌ۚ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ فَلَا نَاصِرَ
لَهُمۡ ⑬

اور کتنی ہی بستیاں تھی جو آپ کی اس بستی سے طاقت میں بڑھ کر ⑬
تھیں جس کے رہنے والوں نے آپ کو نکال دیا ہے ہم نے انہیں ہلاک
کر دیا تو ان کا کوئی بھی مددگار نہ ہوا

اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ كَمَنۡ زُيِّنَ لَهٗ سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ ⑭
پس کیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہو وہ ⑭
اس جیسا ہو سکتا ہے جسے اس کے برے عمل اچھے کر کے دکھائے
گئے ہوں اور انہوں نے اپنی ہی خواہشوں کی پیروی کی ہو

مَثَلُ الۡجَـنَّةِ الَّتِىۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَؕ فِيۡهَاۤ اَنۡهٰرٌ مِّنۡ مَّآءٍ غَيۡرِ اٰسِنٍۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ لَّبَنٍ لَّمۡ
يَتَغَيَّرۡ طَعۡمُهٗ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ خَمۡرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمۡ
فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغۡفِرَةٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ كَمَنۡ هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ وَسُقُوۡا مَآءً
حَمِيۡمًا فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ⑮
اس جنت کی کیفیت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے (یہ ⑮
ہے) کہ اس میں ایسے پانی کی نہریں ہو گی جو بگڑنے والا نہیں اور
کچھ دودھ کی نہریں جن کا مزہ کبھی نہیں بدلے گا اور کچھ نہریں
ایسے شراب کی جو پینے والوں کے لیے خوش ذائقہ ہو گا اور کچھ
نہریں صاف شہد کی اور ان کے لیے وہاں ہر قسم کے میوے ہوں
اوراپنے رب کی بخشش (کیا وہ) ان جیسے ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ
دوزخ میں رہیں گے اور انہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا سو وہ ان
کی آنتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۫ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿16﴾

اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو آپ کی بات سنتے ہیں یہاں تک کہ ﴿16﴾
جب آپ کے ہاں سے نکل جاتے ہیں تو ان سے کہتے ہیں جنہیں علم دیا
گیا ہے اس نے ابھی کیا کہا یہی لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں
پر مہر کر دی ہے اور انہوں نے اپنی خواہشوں کی پیروی کی ہے

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿17﴾

اور جو راستہ پر آگئے ہیں اللہ انہیں اور زیادہ ہدایت دیتا اور انہیں ﴿17﴾
پرہیزگاری عطا کرتا ہے

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا
جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿18﴾

پھر کیا وہ اس گھڑی کا انتظار کرتے ہیں کہ ان پر ناگہاں آئے پس ﴿18﴾
تحقیق اس کی علامتیں تو ظاہر ہو چکیں ہیں پھر جب وہ آگئی تو ان کا
سمجھنا کیا فائدہ دے گا

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿19﴾ ع

پس جان لو کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور اپنے اور مسلمان ﴿19﴾
مردوں اور مسلمان عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگیئے اور اللہ ہی
تمہارے لوٹنے اور آرام کرنے کی جگہ کو جانتا ہے
ع ۱۰

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا
الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ
الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ⑳

اور کہتے ہیں وہ لوگ جو ایمان لائے کوئی سورت کیوں نہیں نازل ⑳
ہوئی سو جس وقت کوئی صاف (مضمون) کی سورت نازل ہوتی ہے
اور اس میں جہاد کا بھی ذکر ہوتا ہے تو جن لوگو ں کے دلوں میں
بیماری (نفاق) ہے آپ ان لوگو ں کو دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف
اس طرح دیکھتے ہیں جیسے کسی پر موت کی بیہوشی طاری ہو پس
ایسے لوگوں کے لیے تباہی ہے

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ ㉑

حکم ماننا اور نیک بات کہنا (لازم ہے) پس جب بات قرار پا جائے تو ㉑
اگر وہ الله کے سچے رہے تو ان کے لیے بہتر ہے

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ㉒

پھر تم سے یہ بھی توقع ہے اگرتم ملک کے حاکم ہو جاؤ تو ملک میں ㉒
فساد مچانے اور قطع رحمی کرنے لگو

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ㉓

یہی وہ لوگ ہیں جن پر الله نے لعنت کی ہے پھرانہیں بہرا اوراندھا ㉓
بھی کر دیا ہے

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰي قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ㉔

پھر کیوں قرآن پر غور نہیں کرتے کیا ان کے دلوں پر قفل پڑے ﴿24﴾
ہوئے ہیں

اِنَّ الَّذِیۡنَ ارۡتَدُّوۡا عَلٰۤی اَدۡبَارِہِمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَیَّنَ لَہُمُ الۡہُدَی ۙ الشَّیۡطٰنُ سَوَّلَ لَہُمۡ ؕ وَ اَمۡلٰی لَہُمۡ ﴿25﴾

بے شک جو لوگ پیچھے کی طرف الٹے پھر گئے بعد اس کے کہ ان ﴿25﴾
پر سیدھا راستہ ظاہر ہو چکا شیطان نے ان کے سامنے برے کامو ں کو
بھلا کر دکھایا اور انہیں آرزو دلائی

ذٰلِکَ بِاَنَّہُمۡ قَالُوۡا لِلَّذِیۡنَ کَرِہُوۡا مَا نَزَّلَ اللّٰہُ سَنُطِیۡعُکُمۡ فِیۡ بَعۡضِ الۡاَمۡرِ ۚۖ وَ اللّٰہُ یَعۡلَمُ اِسۡرَارَہُمۡ ﴿26﴾

یہ اس لیے کہ وہ ان لوگوں سے کہنے لگے جنہوں نے اسے ناپسند ﴿26﴾
کیا اس کو جو الله نے نازل کیا ہے کہ بعض باتوں میں ہم تمہارا کہا مانیں
گے اور الله ان کی رازداری کو جانتا ہے

فَکَیۡفَ اِذَا تَوَفَّتۡہُمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ یَضۡرِبُوۡنَ وُجُوۡہَہُمۡ وَ اَدۡبَارَہُمۡ ﴿27﴾

پھر کیا حال ہوگا جب ان کی روحیں فرشتے قبض کریں گے ان کے ﴿27﴾
مونہوں اور پیٹھوں پر مار رہے ہوں گے

ذٰلِکَ بِاَنَّہُمُ اتَّبَعُوۡا مَاۤ اَسۡخَطَ اللّٰہَ وَ کَرِہُوۡا رِضۡوَانَہٗ فَاَحۡبَطَ اَعۡمَالَہُمۡ ﴿28﴾ ع ۱۱

یہ اس لیے کہ یہ اس پر چلے جس پر الله ناراض ہے اور انہوں نے ﴿28﴾
الله کی رضا مندی کو برا جانا پھر اس نے بھی ان کے اعمال اکارت کر
دیئے
ع ۱۱

اَمۡ حَسِبَ الَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ اَنۡ لَّنۡ يُّخۡرِجَ اللّٰهُ اَضۡغَانَهُمۡ ﴿29﴾
کیا وہ لوگ کہ جن کے دلوں میں مرض (نفاق) ہے یہ سمجھے ہوئے ﴿29﴾
ہیں کہ اللہ ان کی دبی دشمنی ظاہر نہ کرے گا

وَلَوۡ نَشَآءُ لَاَرَيۡنٰكَهُمۡ فَلَعَرَفۡتَهُمۡ بِسِيۡمٰهُمۡ‌ؕ وَلَتَعۡرِفَنَّهُمۡ فِىۡ لَحۡنِ الۡقَوۡلِ‌ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ اَعۡمَالَكُمۡ ﴿30﴾
اور اگر ہم چاہتے تو آپ کو وہ لوگ دکھا دیتے پس آپ اچھی طرح ﴿30﴾
سے انہیں ان کے نشان سے پہچان لیتے اور آپ انہیں طرز کلام سے
پہچان لیں گے اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے

وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ حَتّٰى نَعۡلَمَ الۡمُجٰهِدِيۡنَ مِنۡكُمۡ وَالصّٰبِرِيۡنَ ۙ وَنَبۡلُوَا۟ اَخۡبَارَكُمۡ ﴿31﴾
اور ہم تمہیں آزمائیں گے یہاں تک کہ ہم تم میں سے جہاد کرنے ﴿31﴾
والوں کو اور صبر کرنے والوں کو معلوم کر لیں اور تمہارے حالات
کو جانچ لیں

اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الۡهُدٰى ۙ لَنۡ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيۡـئًا ؕ وَسَيُحۡبِطُ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿32﴾
بے شک جنہوں نے انکار کر دیا اور اللہ کی راہ سے روکا اور رسول ﴿32﴾
کی مخالفت کی بعد اس کے کہ ان پر سیدھا راستہ صاضح ہو چکا وہ اللہ
کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے اور ان کے اعمال کو اکارت کر دے
گا

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَلَا تُبۡطِلُوۡۤا اَعۡمَالَـكُمۡ ﴿33﴾

اے ایمان والو اللہ کا حکم مانو اوراس کے رسول کا حکم مانو اور ﴿33﴾
اپنے اعمال کو ضائع نہ کرو

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ
لَهُمْ ﴿34﴾

بےشک جنہوں نے انکار کیا اور اللہ کی راہ سے روکا پھر مر گئے ﴿34﴾
درآنحالیکہ وہ کافر تھے سو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا

فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ
اَعْمَالَكُمْ ﴿35﴾

پس تم سست نہ ہو اور نہ صلح کی طرف بلاؤ اور تم ہی غالب رہو ﴿35﴾
گے اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہر گز تمہارےاعمال میں نقصان
نہیں دیگا

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا
يَسْـَٔــلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿36﴾

بلاشبہ دنیا کی زندگی تو کھیل اور تماشا ہے اور اگر تم ایمان لاؤ اور ﴿36﴾
پرہیزگاری اختیار کرو تو تمہیں تمہارے اجر دے گا اور تم سے
تمہارے مال نہیں مانگے گا

اِنْ يَّسْـَٔـلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿37﴾

اور اگر تم سے وہ (مال) مانگے پھر تمہیں تنگ کرے تو تم بخل ﴿37﴾
کرنے لگو اور تمہارے دلی کینے ظاہر کر دے

هٰۤاَنۡتُمۡ هٰۤؤُلَآءِ تُدۡعَوۡنَ لِتُنۡفِقُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ۚ فَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يَّبۡخَلُ‌ ۚ وَمَنۡ يَّبۡخَلۡ
فَاِنَّمَا يَبۡخَلُ عَنۡ نَّفۡسِهٖ‌ ؕ وَاللّٰهُ الۡغَنِىُّ وَاَنۡتُمُ الۡفُقَرَآءُ‌ ۚ وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا يَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا
غَيۡرَكُمۡ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوۡنُوۡۤا اَمۡثَالَـكُمۡ ‏(38) ع ۱۲

خبردار تم وہ لوگ ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو بلائے جاتے (38)
ہو تو کوئی تم میں سے وہ ہے جو بخل کرتا ہے اورجو بخل کرتا ہے
سو وہ اپنی ہی ذات سے بخل کرتا ہے اور اللہ بے پرواہ ہے اور تم ہی
محتاج ہو اور اگر تم نہ مانو گے تو وہ اور قوم سوائے تمہارے بدل دے
گا پھر وہ تمہاری طرح نہ ہوں گے ع ۱۲

| اٰيَاتُهَا-۲۹ | سُوۡرَةُ الۡفَتۡح(مدني) | رُكُوۡ عَاتُهَا-۴ |
|---|---|---|
| | بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ | |
| | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے | |

اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا ۙ‏ (1)

بے شک ہم نے آپ کو کھلم کھلا فتح دی (1)

لِّيَغۡفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنۡ ذَنۡۢبِكَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكَ وَيَهۡدِيَكَ
صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا ۙ‏ (2)

تاکہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دے اور اپنی نعمت آپ (2)
پر تمام کر دے اور تاکہ آپ کو سیدھے راستہ پر چلائے

وَّ يَنۡصُرَكَ اللّٰهُ نَصۡرًا عَزِيۡزًا‏ (3)

اور تاکہ اللہ آپ کی زبردست مدد کرے (3)

هُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ السَّکِیۡنَۃَ فِیۡ قُلُوۡبِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ لِیَزۡدَادُوۡۤا اِیۡمَانًا مَّعَ اِیۡمَانِہِمۡ ؕ وَ لِلّٰہِ
جُنُوۡدُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا ۙ﴿۴﴾

وہی تو ہے جس نے ایمانداروں کے دلو ں میں اطمینان اتارا تاکہ ان ﴿۴﴾
کا ایمان اور زیادہ ہو جائے اور آسمانوں اور زمین کے لشکر سب اللہ
ہی کے ہیں اور اللہ خبردار حکمت والا ہے

لِّیُدۡخِلَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡہَا
وَ یُکَفِّرَ عَنۡہُمۡ سَیِّاٰتِہِمۡ ؕ وَ کَانَ ذٰلِکَ عِنۡدَ اللّٰہِ فَوۡزًا عَظِیۡمًا ۙ﴿۵﴾

تاکہ ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بہشتوں میں داخل کرے جن ﴿۵﴾
کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی ان میں ہمیشہ رہیں گے اور ان پر
سے ان کے گناہ دور کر دے گا اور اللہ کے ہاں یہ بڑی کامیابی ہے

وَّ یُعَذِّبَ الۡمُنٰفِقِیۡنَ وَ الۡمُنٰفِقٰتِ وَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ وَ الۡمُشۡرِکٰتِ الظَّآنِّیۡنَ بِاللّٰہِ ظَنَّ
السَّوۡءِ ؕ عَلَیۡہِمۡ دَآئِرَۃُ السَّوۡءِ ۚ وَ غَضِبَ اللّٰہُ عَلَیۡہِمۡ وَ لَعَنَہُمۡ وَ اَعَدَّ لَہُمۡ جَہَنَّمَ ؕ
وَ سَآءَتۡ مَصِیۡرًا ﴿۶﴾

اور تاکہ منافق مردوں اور عورتوں کواور مشرک مردوں اور ﴿۶﴾
عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے بارے میں براگمان رکھتے ہیں انہیں
پر بری گردش ہے اور اللہ نے ان پر غضب نازل کیا اور ان پر لعنت
کی اوران کے لیے دوزخ تیار کر رکھا ہےاور وہ برا ٹھکانہ ہے

وَ لِلّٰہِ جُنُوۡدُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ عَزِیۡزًا حَکِیۡمًا ﴿۷﴾

اور اللہ ہی کے سب لشکر آسمانوں اور زمین میں ہیں اور اللہ بڑا ⑦
غالب حکمت والا ہے

اِنَّآ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا ۙ ⑧
بے شک ہم نے آپ کو گواہ بناکر بھیجا اور خوشخبری دینے والا اور ⑧
ڈرانے والا

لِّتُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتُعَزِّرُوۡهُ وَتُوَقِّرُوۡهُ ؕ وَتُسَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا ⑨
تاکہ تم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو ⑨
اور اس کی عزت کرو اور صبح اور شام اس کی پاکی بیان کرو

اِنَّ الَّذِيۡنَ يُبَايِعُوۡنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوۡنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوۡقَ اَيۡدِيۡهِمۡ ۚ فَمَنۡ نَّكَثَ فَاِنَّمَا
يَنۡكُثُ عَلٰى نَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَوۡفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيۡهُ اللّٰهَ فَسَيُؤۡتِيۡهِ اَجۡرًا عَظِيۡمًا ⑩
بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کر ⑩
رہے ہیں ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے پس جو اس عہد کو) توڑ دے
گا سو توڑنے کا وبال خود اسی پر ہو گا اور جو وہ عہد پورا کرے گا
جو اس نے اللہ سے کیا ہے سو عقریب وہ اسے بہت بڑا اجر دے گا

ع ۱۳

سَيَقُوۡلُ لَكَ الۡمُخَلَّفُوۡنَ مِنَ الۡاَعۡرَابِ شَغَلَتۡنَاۤ اَمۡوَالُنَا وَاَهۡلُوۡنَا فَاسۡتَغۡفِرۡ لَنَا ۚ
يَقُوۡلُوۡنَ بِاَلۡسِنَتِهِمۡ مَّا لَيۡسَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ قُلۡ فَمَنۡ يَّمۡلِكُ لَـكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ شَيۡـئًا اِنۡ
اَرَادَ بِكُمۡ ضَرًّا اَوۡ اَرَادَ بِكُمۡ نَفۡعًا ؕ بَلۡ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا ⑪

عنقریب آپ سے وہ لوگ کہیں گے جو بدویوں میں سے پیچھے رہ ⑪
گئے تھے کہ ہمیں ہمارے اور اہل و عیال نے مشغول رکھا ہے آپ
ہمارے لیے مغفرت مانگیئے وہ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو
ان کے دلوں میں نہیں ہے کہدو وہ کون ہے جو اللہ کے سامنے تمہارے
لیے کسی چیز کا (کچھ بھی) اختیار رکھتا ہوگا اگر اللہ تمہیں کوئی
نقصان یا کوئی نفع پہنچانا چاہے بلکہ اللہ تمہارے سب اعمال پر خبردار
ہے

بَلۡ ظَنَنۡتُمۡ اَنۡ لَّنۡ یَّنۡقَلِبَ الرَّسُوۡلُ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِلٰۤی اَهۡلِیۡهِمۡ اَبَدًا وَّزُیِّنَ ذٰلِكَ فِیۡ
قُلُوۡبِكُمۡ وَظَنَنۡتُمۡ ظَنَّ السَّوۡءِ ۚۖ وَكُنۡتُمۡ قَوۡمًاۢ بُوۡرًا ⑫

بلکہ تم نے خیال کیا تھا کہ رسول اللہ اور مسلمان اپنے گھر والوں کی ⑫
طرف کبھی بھی واپس نہ لوٹیں گے اور تمہارے دلوں میں یہ بات اچھی
معلوم ہوئی اور تم نے بہت برا گمان کیا اور تم ہلاک ہونے والے لوگ
تھے

وَمَنۡ لَّمۡ یُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِیۡنَ سَعِیۡرًا ⑬

اورجو لوگ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان نہیں لائے سو ہم نے ⑬
ایسے کافروں کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے

وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ یَغۡفِرُ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ⑭

اور آسمانوں اور زمین کی حکومت اللہ ہی کے لیے ہے وہ جسے ⑭
چاہے بخشے اورجسے چاہے عذاب دے اور اللہ بخشنے والا بڑا مہربان

ہے

سَيَقُوۡلُ الۡمُخَلَّفُوۡنَ اِذَا انۡطَلَقۡتُمۡ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاۡخُذُوۡهَا ذَرُوۡنَا نَـتَّبِعۡكُمۡ‌ ۚ يُرِيۡدُوۡنَ
اَنۡ يُّبَدِّلُوۡا كَلٰمَ اللّٰهِ‌ ؕ قُلْ لَّنۡ تَتَّبِعُوۡنَا كَذٰلِكُمۡ قَالَ اللّٰهُ مِنۡ قَبۡلُ‌ ۚ فَسَيَـقُوۡلُوۡنَ بَلۡ
تَحۡسُدُوۡنَنَا‌ ؕ بَلۡ كَانُوۡا لَا يَفۡقَهُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا ‏⑮

عنقریب کہیں گے وہ لوگ جو پیچھے رہ گئے تھے جب تم غنیمتوں ⑮
کی طرف ان کے لینے کے لیے جانے لگو گے کہ ہمیں چھوڑو ہم
تمہارے ساتھ چلیں وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا حکم بدل دیں کہہ دو کہ تم
ہرگز ہمارے ساتھ نہ چلو گے اللہ نے اس سے پہلے ہی ایسا فرما دیا ہے
پس وہ کہیں گے کہ (نہیں) بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو بلکہ وہ لوگ
بات ہی کم سمجھتے ہیں

قُلْ لِّلۡمُخَلَّفِيۡنَ مِنَ الۡاَعۡرَابِ سَتُدۡعَوۡنَ اِلٰى قَوۡمٍ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ تُقَاتِلُوۡنَهُمۡ اَوۡ
يُسۡلِمُوۡنَ‌ ۚ فَاِنۡ تُطِيۡعُوۡا يُؤۡتِكُمُ اللّٰهُ اَجۡرًا حَسَنًا‌ ۚ وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا كَمَا تَوَلَّيۡتُمۡ مِّنۡ
قَبۡلُ يُعَذِّبۡكُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا‏ ⑯

ان پیچھے رہ جکانے والے بدوؤں سے کہہ دو کہ بہت جلد تمہیں ایک ⑯
سخت جنگجو قوم سے لڑنے کے لیے بلایا جائے گا تم ان سے لڑو گے
یا وہ اطاعت قبول کر لے گی پھر اگر تم نے حکم مان لیا تو اللہ تمہیں
بہت ہی اچھا انعام دے گا اور اگر تم پھر گئے جیسا کہ پہلے پھر گئے
تھے تو تمہیں سخت عذاب دے گا

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا
اَلِيْمًا ؑ ⑰ النصف ۱۴ع

⑰ نہ اندھے پر کچھ گناہ ہے اور نہ لنگڑے ہی پرکچھ گناہ ہے اور نہ
بیمار ی پرکچھ گناہے ہے اور جوکوئی اللہ اور اس کے رسول کی
اطاعت کرے گا تو اسے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے
نہریں بہتی ہوں گی اور جو نافرمانی کرے گا اسے سخت سزا دے گا

النصف ۱۴ع

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ
فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۙ ⑱

⑱ بے شک اللہ مسلمانوں سے راضی ہوا جب وہ آپ سے درخت کے
نیچے بیعت کر رہے تھے پھر اس نے جان لیا جو کچھ ان کے دلو ں
میں تھا پس اس نے ان پر اطمینان نازل کر دیا اور انہیں جلد ہی فتح دے
دی

وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ⑲

⑲ اوربہت سی غنیمتیں بھی دے گا جنہیں وہ لیں گے اور اللہ زبردست
حکمت والا ہے

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ
عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ ⑳

اللہ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے جنہیں تم حاصل کرو ⑳
گے پھر تمہیں اس نے یہ جلدی دےدی اوراس نےتم سے لوگوں کے
ہاتھ روک دیئے اور تاکہ ایمان لانے والوں کے لیے یہ ایک نشان ہو
اور تاکہ تم سیدھے راستہ پر چلائے

وَّاُخۡرٰى لَمۡ تَقۡدِرُوۡا عَلَيۡهَا قَدۡ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا‌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرًا ㉑
اور بھی فتوحات ہیں کہ جو( اب تک) تمہارے بس میں نہیں آئیں البتہ ㉑
اللہ کے بس میں ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وَلَوۡ قَاتَلَـكُمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوَلَّوُا الۡاَدۡبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوۡنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيۡرًا ㉒
اور اگر کافر تم سے لڑتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ پڑتے پھر نہ کوئی ㉒
حمایتی پاتے نہ کوئی مددگار

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِىۡ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلُ ۖۚ وَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبۡدِيۡلًا ㉓
اللہ کا قدیم دستور پہلے سے یونہی چلا آتا ہے اور تو اس کے دستور ㉓
کو بدلا ہوا نہ پائے گا

وَهُوَ الَّذِىۡ كَفَّ اَيۡدِيَهُمۡ عَنۡكُمۡ وَاَيۡدِيَكُمۡ عَنۡهُمۡ بِبَطۡنِ مَكَّةَ مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ
اَظۡفَرَكُمۡ عَلَيۡهِمۡ‌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرًا ㉔
اوروہی ہے جس نے وادی مکہ میں ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ㉔
ہاتھ ان سے روک دیے اس کے بعد اس نے تمہیں ان پر غالب کر دیا تھا
اور اللہ ان سب باتوں کو جو تم کر رہے تھے دیکھ رہا تھا

هُمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡكُمۡ عَنِ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ وَالۡهَدۡىَ مَعۡكُوۡفًا اَنۡ يَّبۡلُغَ
مَحِلَّهٗ‌ ؕ وَلَوۡلَا رِجَالٌ مُّؤۡمِنُوۡنَ وَنِسَآءٌ مُّؤۡمِنٰتٌ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡهُمۡ اَنۡ تَطَئُوۡهُمۡ
فَتُصِيۡبَكُمۡ مِّنۡهُمۡ مَّعَرَّةٌ ۢ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ‌ ۚ لِيُدۡخِلَ اللّٰهُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ‌ ۚ لَوۡ تَزَيَّلُوۡا
لَعَذَّبۡنَا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡهُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿25﴾

وہ تو وہی ہیں جنہوں نے انکار کیا اور تمہیں مسجد حرام سے روکا ﴿25﴾
اور قربانی کے جانوروں کو روکے رکھا اس سے کہ وہ اپنی قربان گاہ
تک پہنچیں اور اگر کچھ مرد ایمان والے اور عورتیں ایمان والی نہ
ہوتیں جنہیں تم نہیں جانتے تھے کہ تم انہیں پامال کر دیتے پھر ان کی
طرف سے تم پر نادانستگی سے الزام آتا (تو تمہیں لڑنے سے نہ روکا
جاتا) تاکہ اللہ اپنی رحمت میں جسے چاہے داخل کرے اگر وہ ٹل گئے
ہوتے تو ہم ان میں سے جو کافر ہیں انہیں دردناک عذاب دیتے

اِذۡ جَعَلَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فِىۡ قُلُوۡبِهِمُ الۡحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الۡجَاهِلِيَّةِ فَاَنۡزَلَ اللّٰهُ سَكِيۡنَتَهٗ
عَلٰى رَسُوۡلِهٖ وَعَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَاَلۡزَمَهُمۡ كَلِمَةَ التَّقۡوٰى وَكَانُوۡۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهۡلَهَا‌ ؕ وَكَانَ
اللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمًا ﴿26﴾ ع ۱۵

جب کہ کافروں نے اپنے دل میں سخت جوش پیدا کیا تھا جہالت کا ﴿26﴾
جوش تھا پھر اللہ نے بھی اپنی تسکین اپنے رسول اور ایمان والوں پر
نازل کر دی اور ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور وہ اسی کے
لائق اور قابل بھی تھے اور اللہ ہر چیز کو جانتا ہے
ع ۱۵

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ
مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿27﴾

بے شک اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچا کر دکھایا کہ اگر اللہ نے ﴿27﴾
چاہا تو تم امن کے ساتھ مسجد حرام میں ضرور داخل ہو گے اپنے سر
منڈاتے ہوئے اور بال کتراتے ہوئے بے خوف و خطر ہوں گے پس جس
بات کو تم نہ جانتے تھے اس نے اسے جان لیا تھا پھر اس نے اس سے
پہلے ہی ایک فتح بہت جلدی کر دی

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
شَهِيْدًا ؕ ﴿28﴾

وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا ﴿28﴾
تاکہ اسے ہر ایک دین پر غالب کرے اور اللہ کی شہادت کافی ہے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا
سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰ
لِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ ۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ
فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿29﴾ ع ۱۶

محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں کفار پر سخت ﴿29﴾
ہیں آپس میں رحم دل ہیں تو انہیں دیکھے گا کہ رکوع و سجود کر رہے

ہیں اللہ کا فضل اوراس کی خوشنودی تلاش کرتے ہیں ان کی شناخت ان
کے چہرو ں میں سجدہ کا نشان ہے یہی وصف ان کا تو رات میں ہے
اور انجیل میں ان کا وصف ہے مثل اس کھیتی کے جس نے اپنی سوئی
نکالی پھر اسے قوی کر دیا پھر موٹی ہوگئی پھر اپنے تنہ پر کھڑی
ہوگئی کسانوں کو خوش کرنے لگی تاکہ اللہ ان کی وجہ سے کفار کو
غصہ دلائے اللہ ان میں سے ایمان داروں اورنیک کام کرنے والوں کے
لیے بخشش اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے ع۱۲

| رُکُوعَاتُهَا-۲ | سُوْرَةُ الحُجرَات(مدني) | أيَاتُهَا-۱۸ |
|---|---|---|
| | بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ | |
| | شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے | |

يَاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُقَدِّمُوۡا بَيۡنَ يَدَىِ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌ
عَلِيۡمٌ ①
اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کے سامنے پہل نہ کرو اللہ سے ①
ڈرتے رہو بے شک اللہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے

يَاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَرۡفَعُوۡۤا اَصۡوَاتَكُمۡ فَوۡقَ صَوۡتِ النَّبِىِّ وَلَا تَجۡهَرُوۡا لَهٗ بِالۡقَوۡلِ
كَجَهۡرِ بَعۡضِكُمۡ لِبَعۡضٍ اَنۡ تَحۡبَطَ اَعۡمَالُكُمۡ وَاَنۡتُمۡ لَا تَشۡعُرُوۡنَ ②
اے ایمان والو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کیا کرو اور نہ ②
بلندآواز سے رسول سے بات کیا کرو جیسا کہ تم ایک دوسرے سے کیا
کرتے ہو کہیں تمہارے اعمال برباد نہ ہوجائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ
لِلتَّقْوٰىؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③

بے شک جو لوگ اپنی آوازیں رسول اللہ کے حضور دھیمی کر لیتے ③
ہیں یہی لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں کو پرہیزگاری کے لیے جانچ
لیا ہےان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ④

بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں اکثر ان ④
میں سے عقل نہیں رکھتے

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤

اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ ان کے پاس سے نکل کر آتے ⑤
تو ان کے لیے بہتر ہوتا اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ
فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ⑥

اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی سی خبر لائے تو اس ⑥
کی تحقیق کیا کرو کہیں کسی قوم پر بے خبری سے نہ جا پڑو پھر اپنے
کیے پر پشیمان ہونے لگو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ

وَالۡعِصۡیَانَ ؕ اُولٰٓئِکَ هُمُ الرّٰشِدُوۡنَ ۙ﴿۷﴾
اور جان لو کہ تم میں اللہ کا رسول موجود ہے اگر وہ بہت سی باتوں ﴿۷﴾
میں تمہارا کہا مانے تو تم پر مشکل پڑ جائے لیکن اللہ نے تمہارے دلوں
میں ایمان کی محبت ڈال دی ہے اوراس کو تمہارے دلوں میں
اچھاکردکھایا ہے اور تمہارے دل میں کفر اور گناہ اور نافرمانی کی
نفرت ڈال دی ہے یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں

فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعۡمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ﴿۸﴾
اللہ کے فضل اور احسان سے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۸﴾

وَاِنۡ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَهُمَا ۚ فَاِنۡۢ بَغَتۡ اِحۡدٰىهُمَا عَلَى
الۡاُخۡرٰی فَقَاتِلُوا الَّتِیۡ تَبۡغِیۡ حَتّٰی تَفِیۡٓءَ اِلٰۤی اَمۡرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنۡ فَآءَتۡ فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَهُمَا
بِالۡعَدۡلِ وَاَقۡسِطُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الۡمُقۡسِطِیۡنَ ﴿۹﴾
اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان ﴿۹﴾
صلح کرا دو پس اگر ایک ان میں دوسرے پر ظلم کرے تو اس سے لڑو
جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع کرے
پھر اگر وہ رجوع کرے تو ان دونوں میں انصاف سے صلح کرادو
اورانصاف کرو بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے

اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَةٌ فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَ اَخَوَیۡکُمۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۱۰﴾ ع

بے شک مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں سو اپنے بھائیوں میں صلح ⑩
کرادو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے
ع ۱۷ الثلاثۃ

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا
نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا
بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ⑪

اے ایمان والو ایک قوم دوسری قوم سے ٹھٹھا نہ کرے عجب نہیں کہ ⑪
وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے ٹھٹھا کریں
کچھ بعید نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور ایک دوسرے کو طعنے نہ دو
اور نہ ایک دوسرے کے نام دھرو فسق کے نام لینے ایمان لانے کے
بعد بہت برے ہیں اور جو باز نہ آئیں سو وہی ظالم ہیں

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا
وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ⑫

اے ایمان والو بہت سی بدگمانیوں سے بچتے رہو کیوں کہ بعض گمان ⑫
تو گناہ ہیں اور ٹٹول بھی نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی سے غیبت کیا
کرے کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت
کھائے سو اس کو تو تم ناپسند کرتے ہو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ بڑا
توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہے

يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ
اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ⑬
اے لوگو ہم نے تمہیں ایک ہی مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے اور ⑬
تمہارے خاندان اور قومیں جو بنائی ہیں تاکہ تمہیں آپس میں پہچان ہو
بے شک زیادہ عزت والا تم میں سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں
سے زیادہ پرہیزگار ہے بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا خبردار ہے

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ
فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑭
بدویوں نے کہا ہم ایمان لے آئے ہیں کہہ دو تم ایمان نہیں لائے لیکن ⑭
تم کہو کہ ہم مسلمان ہو گئے ہیں اورابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں
داخل نہیں ہوا اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو تو تمہارے
اعمال میں سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا بے شک اللہ بخشنے والا
نہایت رحم والا ہے

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ
وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ⑮
بے شک سچے مسلمان تو وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ⑮
ایمان لائے پھر انہوں نے شک نہ کیا اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں
سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا وہی سچے (مسلمان) ہیں

قُلۡ اَتُعَلِّمُوۡنَ اللّٰهَ بِدِیۡنِكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰهُ
بِكُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿16﴾
کہہ دوکیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتاتے ہو اور اللہ جانتا ہے جو کچھ ﴿16﴾
آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے

یَمُنُّوۡنَ عَلَیۡكَ اَنۡ اَسۡلَمُوۡا ؕ قُلۡ لَّا تَمُنُّوۡا عَلَیَّ اِسۡلَامَكُمۡ ۚ بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیۡكُمۡ اَنۡ
هَدٰىكُمۡ لِلۡاِیۡمَانِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿17﴾
آپ پر اپنے اسلام لانے کا احسان جتاتے ہیں کہہ دو مجھ پر اپنے ﴿17﴾
اسلام لانے کا احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس
نے ایمان کی طرف تمہاری رہنمائی کی اگر تم سچے ہو

ع۱۸ اِنَّ اللّٰهَ یَعۡلَمُ غَیۡبَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿18﴾ ع
بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی سب مخفی چیزیں جانتا ﴿18﴾
ع۱۸ ہےاوردیکھ رہاہےجوتم کررہےہو

| | | |
|---|---|---|
| رُکُوۡ عَاتُهَا-۳ | سُوۡرَةُ قٓ(مکي) | اٰيَاتُهَا-۴۵ |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قٓ ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ ۚ ﴿1﴾
قٓ- اس قرآن کی قسم جو بڑا شان والا ہے ﴿1﴾

بَلۡ عَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَهُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ فَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا شَیۡءٌ عَجِیۡبٌ ۚ ﴿2﴾
بلکہ وہ تعجب کرتے ہیں کہ ان کے پاس انہیں میں سے ایک ڈرانے ﴿2﴾
والا آیا پس کافرو ں نے کہا کہ یہ تو ایک عجیب بات ہے

ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا‌ۚ ذٰلِكَ رَجۡعٌۢ بَعِيۡدٌ ③
کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے یہ دوبارہ زندگی بعید از ③
قیاس ہے

قَدۡ عَلِمۡنَا مَا تَنۡقُصُ الۡاَرۡضُ مِنۡهُمۡ‌ۚ وَعِنۡدَنَا كِتٰبٌ حَفِيۡظٌ ④
ہمیں معلوم ہے جو زمین ان میں سے کم کرتی ہے اور ہمارے پاس ④
ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے

بَلۡ كَذَّبُوۡا بِالۡحَـقِّ لَمَّا جَآءَهُمۡ فَهُمۡ فِىۡۤ اَمۡرٍ مَّرِيۡجٍ ⑤
بلکہ انہوں نے حق کو جھٹلایا جب کہ وہ ان کے پاس آیا پس وہ ایک ⑤
الجھی ہوئی بات میں پڑے ہوئے ہیں

اَفَلَمۡ يَنۡظُرُوۡۤا اِلَى السَّمَآءِ فَوۡقَهُمۡ كَيۡفَ بَنَيۡنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنۡ فُرُوۡجٍ ⑥
پس کیا انہوں نے غور سے اپنے اوپر آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہم نے ⑥
کس طرح اسے بنایا اور آراستہ کیا ہے اور اس میں کوئی بھی شگاف
نہیں

وَالۡاَرۡضَ مَدَدۡنٰهَا وَاَلۡقَيۡنَا فِيۡهَا رَوَاسِىَ وَاَنۡۢبَـتۡنَا فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍۢ بَهِيۡجٍ ۙ ⑦
اور ہم نے زمین کو بچھا دیا اوراس میں مضبوط ڈال دیے اور اس ⑦
میں ہر قسم کی خوشنما چیزیں اگائیں

تَبۡصِرَةً وَّذِكۡرٰى لِكُلِّ عَبۡدٍ مُّنِيۡبٍ ⑧
ہر رجوع کرے والے بندے کے لیے بصیرت اور نصیحت ہے ⑧

وَنَزَّلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنۡۢبَتۡنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الۡحَصِيۡدِۙ ⑨
اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا پھر ہم پھر ہم نے اس کے ⑨
ذریعے سے باغ اگائے اور اناج جن کے کھیت کاٹے جاتے ہیں

وَالنَّخۡلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلۡعٌ نَّضِيۡدٌ ۙ ⑩
او رلمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہہ بہ تہہ ہیں ⑩

رِّزۡقًا لِّلۡعِبَادِۙ وَاَحۡيَيۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا ؕ كَذٰلِكَ الۡخُرُوۡجُ ⑪
بندوں کے لیے روزی اورہم نے اس سے ایک مردہ بستی کو زندہ کیا ⑪
دوبارہ نکلنا اس طرح ہے

كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّاَصۡحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوۡدُۙ ⑫
ان سے پہلے قوم نوح اور کنوئیں والوں نے اور قوم ثمود نے جھٹلایا ⑫

وَعَادٌ وَّفِرۡعَوۡنُ وَاِخۡوَانُ لُوۡطٍۙ ⑬
اور قوم عاد اور فرعون اور قوم لوط نے ⑬

وَّاَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ وَقَوۡمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيۡدِ ⑭
اور بن والو ں اور قوم تبعؑ نے ہر ایک نےرسولوں کو جھٹلایا تو ⑭
ہمارا وعدہ عذاب ثابت ہوا

اَفَعَيِيۡنَا بِالۡخَلۡقِ الۡاَوَّلِ ؕ بَلۡ هُمۡ فِىۡ لَبۡسٍ مِّنۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ⑮ ع

کی ہم پہلی بار پیدا کرنے میں تھک گئے ہیں (نہیں) بلکہ وہ از سرِ ⑮
نو پیدا کرنے کے متعلق شک میں ہیں ع۱۹

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ وَنَعۡلَمُ مَا تُوَسۡوِسُ بِهٖ نَفۡسُهٗ ‌ۖۚ وَنَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَيۡهِ مِنۡ حَبۡلِ
الۡوَرِيۡدِ ⑯

اور بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسہ ⑯
اس کے دل میں گزرتا ہے اور ہم اس سے اس کی رگ گلو سے بھی
زیادہ قریب ہیں

اِذۡ يَتَلَقَّى الۡمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيۡدٌ ⑰

جب کہ ضبط کرنے والے دایں اوربائیں بیٹھیں ہوئے ضبط کرتے ⑰
جاتے ہیں

مَا يَلۡفِظُ مِنۡ قَوۡلٍ اِلَّا لَدَيۡهِ رَقِيۡبٌ عَتِيۡدٌ ⑱

وہ منہ سے کوئی بات نہیں نکالتا مگراس کے پاس ایک ہوشیار محافظ ⑱
ہوتا ہے

وَجَآءَتۡ سَكۡرَةُ الۡمَوۡتِ بِالۡحَـقِّ‌ؕ ذٰلِكَ مَا كُنۡتَ مِنۡهُ تَحِيۡدُ ⑲

اور موت کی بے ہوشی تو ضرور آ کر رہے گی یہی ہے وہ جس سے ⑲
تو گریز کرتا تھا

وَنُفِخَ فِى الصُّوۡرِ‌ؕ ذٰلِكَ يَوۡمُ الۡوَعِيۡدِ ⑳

اور صور میں پھونکا جائے گا وعدہ عذاب کا دن یہی ہے ⑳

وَجَآءَتۡ كُلُّ نَفۡسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيۡدٌ ﴿21﴾

اور ہر ایک شخص آئے گا اس کے ساتھ ایک ہانکنے والا اور ایک ﴿21﴾
گواہی دینے والا ہوگا

لَقَدۡ كُنۡتَ فِىۡ غَفۡلَةٍ مِّنۡ هٰذَا فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ ﴿22﴾

بے شک تو تو اس دن سے غفلت میں رہا پس ہم نے تجھ سے تیرا ﴿22﴾
پردہ دور کر دیا پس تیری نگاہ آج بڑی تیز ہے

وَقَالَ قَرِيۡنُهٗ هٰذَا مَا لَدَىَّ عَتِيۡدٌ ؕ ﴿23﴾

(اور اس کا ساتھی کہے گا یہ ہے جو میرے پاس تیار ہے (حکم ہوگ ﴿23﴾

اَلۡقِيَا فِىۡ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيۡدٍ ۙ ﴿24﴾

تم دونوں ہر کافر سرکش کو دوزخ میں ڈال دو ﴿24﴾

مَّنَّاعٍ لِّلۡخَيۡرِ مُعۡتَدٍ مُّرِيۡبِ ۙ ﴿25﴾

جو نیکی سے روکنے والا حد سے بڑھنے والا شک کرنے والا ہے ﴿25﴾

اۨلَّذِىۡ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلۡقِيٰهُ فِى الۡعَذَابِ الشَّدِيۡدِ ﴿26﴾

جس نے اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود ٹھیرایا پس اسے سخت ﴿26﴾
عذاب میں ڈال دو

قَالَ قَرِيۡنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطۡغَيۡتُهٗ وَلٰـكِنۡ كَانَ فِىۡ ضَلٰلٍ ۢ بَعِيۡدٍ ﴿27﴾

اس کا ہم نشین کہے گا اے ہمارے رب میں نے اسے گمراہ نہیں کیا ﴿27﴾
تھا بلکہ وہ خود ہی بڑی گمراہی میں پڑا ہوا تھا

قَالَ لَا تَخۡتَصِمُوۡا لَدَیَّ وَقَدۡ قَدَّمۡتُ اِلَیۡکُمۡ بِالۡوَعِیۡدِ ﴿28﴾
فرمائے گا تم میرے پاس مت جھگڑو اور میں تو پہلے تمہاری طرف ﴿28﴾
اپنے عذاب کا وعدہ بھیج چکا تھا

مَا یُبَدَّلُ الۡقَوۡلُ لَدَیَّ وَمَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِیۡدِ ﴿29﴾
میرے ہاں کی بات بدلی نہیں جاتی اور نہ ہی بندو ں کے لیے ظالم ﴿29﴾
ہوں

**ع۲۰**

یَوۡمَ نَقُوۡلُ لِجَہَنَّمَ ہَلِ امۡتَلَاۡتِ وَتَقُوۡلُ ہَلۡ مِنۡ مَّزِیۡدٍ ﴿30﴾
جس دن ہم جہنم سے کہیں گے کیا تو بھر چکی اوروہ کہے گی کیا ﴿30﴾
کچھ اوربھی ہے

وَاُزۡلِفَتِ الۡجَنَّۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ غَیۡرَ بَعِیۡدٍ ﴿31﴾
اوربہشت پرہیزگاروں کے لیے قریب لائی جائے گی کہ کچھ فاصلہ ﴿31﴾
نہ ہوگا

ہٰذَا مَا تُوۡعَدُوۡنَ لِکُلِّ اَوَّابٍ حَفِیۡظٍ ﴿32﴾
یہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ہر رجوع کرنے والے اور ﴿32﴾
حفاظت کرنے والے کے لیے

مَنۡ خَشِیَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَیۡبِ وَجَآءَ بِقَلۡبٍ مُّنِیۡبِ ﴿33﴾
جو کوئی اللہ سے بن دیکھے ڈرا اور رجوع کرنے والا دل لے کر آیا ﴿33﴾

اِدۡخُلُوۡهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوۡمُ الۡخُلُوۡدِ ﴿34﴾

اس میں سلامتی سے داخل ہو جاؤ ہمیشہ رہنے کا دن یہی ہے ﴿34﴾

لَهُمۡ مَّا يَشَآءُوۡنَ فِيۡهَا وَلَدَيۡنَا مَزِيۡدٌ ﴿35﴾

انہیں جو کچھ وہ چاہیں گے وہاں ملے گا اور ہمارے پاس اوربھی ﴿35﴾
زیادہ ہے

وَكَمۡ اَهۡلَـكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ هُمۡ اَشَدُّ مِنۡهُمۡ بَطۡشًا فَنَقَّبُوۡا فِى الۡبِلَادِ ؕ هَلۡ مِنۡ
مَّحِيۡصٍ ﴿36﴾

اور ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں جو قوت میں ان ﴿36﴾
سے بڑھ کر تھیں پھر (عذاب کے وقت) شہرو ں میں دوڑتے پھرنے
لگے کہ کوئی پناہ کی جگہ بھی ہے

اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَذِكۡرٰى لِمَنۡ كَانَ لَهٗ قَلۡبٌ اَوۡ اَلۡقَى السَّمۡعَ وَهُوَ شَهِيۡدٌ ﴿37﴾

بے شک اس میں شخص کے لیے بڑی عبرت ہے جس کے پاس ﴿37﴾
(فہیم) دل ہو یا وہ متوجہ ہو کر (بات کی طرف) کان ہی لگا دیتا ہو

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ ﴿38﴾

اور بے شک ہم نےآسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اورجو کچھ ان کے ﴿38﴾
درمیان میں ہے چھ دن میں اور ہمیں کچھ بھی تکان نہ ہوئی

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۚ ﴿39﴾

پس ان باتوں پر صبر کر جو وہ کہتے ہیں اور اپنے رب کی پاکیزگی ﴿39﴾
بیان کر تعریف کے ساتھ دن نکلنے سے پہلے اور دن چھپنے سے پہلے

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿40﴾

اورکچھ رات میں بھی اس کی تسبیح کر اور نماز کے بعد بھی ﴿40﴾

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۙ ﴿41﴾

اور توجہ سے سنیئے جس دن پکارنے والا پاس سے پکارے گا ﴿41﴾

يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿42﴾

جس دن وہ ایک چیخ کو بخوبی سنیں گے یہ دن قبروں سے نکلنے کا ﴿42﴾
ہوگا

اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ۙ ﴿43﴾

بے شک ہم ہی زندہ کرتے اورمارتے ہیں اورہماری طرف ہی لوٹ ﴿43﴾
کر آنا ہے

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿44﴾

جس دن ان پر سے زمین پھٹ جائے گی لوگ دوڑتے ہوئے نکل آئیں ﴿44﴾
گے یہ لوگو ں کا جمع کرنا ہمیں بہت آسان ہے

نَحۡنُ اَعۡلَمُ بِمَا یَقُوۡلُوۡنَ وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَیۡهِمۡ بِجَبَّارٍ ۟ فَذَکِّرۡ بِالۡقُرۡاٰنِ مَنۡ یَّخَافُ
وَعِیۡدِ ﴿45﴾ ع ۲۱

ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور آپ ا ن پر کچھ زبردستی ﴿45﴾
کرنے والے نہیں پھر آپ قرآن سے اس کو نصیحت کیجیئے جو میرے
عذاب سے ڈرتا ہو ع۲۱

آیاتُها-٦٠ | سُوۡرَۃُ الذّاریَات(مکي) | رُکُوعَاتُها-٣

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالذّٰرِیٰتِ ذَرۡوًا ۙ ﴿1﴾

قسم ہے ان ہواؤں کی جو (غبار وغیرہ) اڑانے والی ہیں ﴿1﴾

فَالۡحٰمِلٰتِ وِقۡرًا ۙ ﴿2﴾

پھر ا ن بادلوں کی جو بوجھ (بارش کا) اٹھانے والے ہیں ﴿2﴾

فَالۡجٰرِیٰتِ یُسۡرًا ۙ ﴿3﴾

پھر ان کشتیوں کی جو نرمی سے چلنے والی ہیں ﴿3﴾

فَالۡمُقَسِّمٰتِ اَمۡرًا ۙ ﴿4﴾

پھر ان فرشتوں کی جو حکم کے موافق چیزیں تقسیم کرنے واے ہیں ﴿4﴾

اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَصَادِقٌ ۙ ﴿5﴾

بے شک جس قیامت کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہےوہ سچ ہے ﴿5﴾

وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۗ ⑥

اور بے شک اعمال کی جزا ضرور ہونے والی ہے ⑥

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۙ ⑦

آسمان جالی دار کی قسم ہے ⑦

اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۙ ⑧

البتہ تم پیچیدہ بات میں پڑے ہوئے ہو ⑧

يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۗ ⑨

قرآن سے وہی روکا جاتا ہےجو ازل سے گمراہ ہے ⑨

قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۙ ⑩

اٹکل پچو باتیں بنانے والے غارت ہوں ⑩

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۙ ⑪

وہ جو غفلت میں بھولے ہوئے ہیں ⑪

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۗ ⑫

پوچھتے ہیں فیصلے کا دن کب ہوگا ⑫

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ⑬

جس دن وہ آگ پر عذاب دیے جائیں گے ⑬

ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۗ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ⑭

اپنی شرارت کا مزہ چکھو یہی ہے وہ (عذاب) جس کی تم جلدی ⑭
کرتے تھے

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّٰتٍ وَعُيُونٍ ⑮
بے شک پرہیزگار باغات اور چشموں میں ہوں گے ⑮

اٰخِذِينَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِينَ ⑯
لے رہے ہوں گے جو کچھ انہیں ان کا رب عطا کرے گا بے شک وہ ⑯
اس سے پہلے نیکو کار تھے

كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ ⑰
وہ رات کے وقت تھوڑا عرصہ سویا کرتے تھے ⑰

وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ⑱
اور آخر رات میں مغفرت مانگا کرتے تھے ⑱

وَفِيٓ أَمْوَٰلِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُومِ ⑲
اور ان کے مالوں میں سوال کرنے والے اور محتاج کا حق ہوتا تھا ⑲

وَفِي الْأَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوقِنِينَ ⑳
اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں ⑳

وَفِيٓ أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ㉑
اور خود تمہاری نفسوں میں بھی پس کیا تم غور سے نہیں دیکھتے ㉑

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿22﴾

اور تمہاری روزی آسمان میں ہے اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے ﴿22﴾

فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿23﴾

پس آسمان اور زمین کے مالک کی قسم ہے بے شک یہ (قرآن)برحق ﴿23﴾
ہے جیسا تم باتیں کرتے ہو ع۲۲

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿24﴾

کیا آپ کو ابراھیم کے معزز مہمانوں کی بات پہنچی ہے ﴿24﴾

اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا قَالَ سَلٰمٌ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿25﴾

جب کہ وہ اس پر داخل ہوئے پھر انہوں نے سلام کیا ابراھیم نے ﴿25﴾
سوال کا جواب دیا (خیال کیا) کچھ اجنبی سے لوگ ہیں

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿26﴾

پس چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گیا اور ایک موٹا بچھڑا ﴿26﴾
(تلا ہوا) لایا

فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿27﴾

پھر ان کے سامنے لا رکھا فرمایا کیا تم کھاتے نہیں ﴿27﴾

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿28﴾

پھر ان سے خوف محسوس کیا انہوں نے کہا تم ڈرو نہیں اور انہوں ﴿28﴾
نے اسے ایک دانشمند لڑکے کی خوشخبری دی

فَاَقۡبَلَتِ امۡرَاَتُهٗ فِیۡ صَرَّةٍ فَصَکَّتۡ وَجۡهَهَا وَقَالَتۡ عَجُوۡزٌ عَقِیۡمٌ ﴿29﴾

پھر ان کی بیوی شور مچاتی ہوئی آگے بڑھی اور اپنا ماتھا پیٹ کر ﴿29﴾
کہنے لگی کیا بڑھیا بانجھ جنے گی

قَالُوۡا کَذٰلِکِ ۙ قَالَ رَبُّکِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡحَکِیۡمُ الۡعَلِیۡمُ ﴿30﴾

انہوں نے کہا تیرے رب نے یونہی فرمایا ہے بے شک وہ حکمت والا ﴿30﴾
دانا ہے